کے تناظر میں'' قلمبند کیا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔

باب اوّل ''نثار عزیز بٹ کے سوانحی حالات'' کے عنوان سے تحریر کیا گیا ہے جس میں مصنفہ کے بچپن کے حالات، تعلیم، ملازمت اور تصانیف کو بیان کیا گیا ہے۔ باب دوّم ''جدیدیت کیا ہے؟ بنیادی مباحث'' کے نام سے ہے جس میں جدیدیت کی تعریف اور اس کے مباحث کا مختصراً احاطہ کیا گیا ہے۔ باب سوم ''اُردو ناول میں جدیدیت کے عناصر'' کے نام سے لکھا گیا ہے جس میں اُردو کے اہم ناولوں پر جدیدیت کے اثرات کا مختصراً جائزہ لیا گیا ہے۔ باب چہارم ''نثار عزیز بٹ کی ناول نگاری (جدیدیت کے تناظر میں)'' کے عنوان سے تحریر کیا گیا ہے۔ یہ مقالے کا مرکزی باب ہے جس میں نثار عزیز کے چاروں ناولوں میں جدیدیت کے موضوعات اور تکنیکوں کے استعمال کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اپنے ناولوں میں نثار عزیز نے جدیدیت کی مختلف تکنیکوں کو استعمال کرتے ہوئے کرداروں کے داخلی تحت الشعور اور لاشعوری محرکات تک رسائی حاصل کرنے کی عمدہ کوشش کی۔ آخر میں محاکمہ اور کتابیات درج کی گئی ہیں۔